Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu : IV Semester Examination May - 2018

Paper : MAUR402CCT : Urdu Nazm

پرچہ : اردو نظم

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) نظم 'ہم جو تاریک راہوں میں مارے گئے' فیض کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے۔

(a) نقش فریادی (b) شامِ شہرِ یاراں (c) دست صبا (d) زنداں نامہ

(ii) 'چلے چلو کہ وہ منزل ابھی نہیں آئی' یہ مصرعہ کس نظم کا ہے۔

(a) چاند تاروں کا بن (b) صبح آزادی (c) خاک ہند (d) کسان

(iii) اردو میں موضوعاتی نظمیہ مشاعروں کے انعقاد کی شروعات ـــــــــــ نے کی۔

(a) ترقی پسند تحریک (b) انجمن پنجاب (c) رومانی تحریک (d) حلقۂ ارباب ذوق

(iv) مخدوم کی نظم چاند تاروں کا بن کس نوعیت کی نظم ہے۔

(a) پابند نظم (b) نظم معریٰ (c) آزاد نظم (d) نثری نظم

(v) چکبست کی نظموں میں کونسا موضوع غالب ہے۔

(a) مارکسیت (b) وطنیت (c) اشتراکیت (d) فسطائیت

(vi) 'اے غمِ دل کیا کروں' اے وحشتِ دل کیا کروں' کس نظم کا ٹیپ کا مصرعہ ہے۔

(a) او دیس سے آنے والے بتا (b) آدمی نامہ (c) آوارہ (d) ایک لڑکا

(vii) 'نئی نظم کا سفر' کے مصنف کون ہیں۔

(a) حنیف کیفی (b) وزیر آغا (c) عقیل احمد صدیقی (d) خلیل الرحمٰن اعظمی

P.T.O

(viii) ذیل میں کونسی نظم اقبال کی نہیں ہے۔

(a) لالۂ صحرا (b) ابلیس کی عرضداشت (c) مناظرہ رحم وانصاف (d) عقل ودل

(ix) غیر متعلق کی نشاندہی کیجیے۔

(a) جاں نثار اختر (b) مجاز لکھنوی (c) گلزار (d) جاوید اختر

(x) ذیل میں کس شاعر نے مغربی تہذیب کی اندھی تقلید کے مضر اثرات پر طنزیہ ومزاحیہ نظمیں لکھیں۔

(a) اختر شیرانی (b) ن۔م راشد (c) اکبرالہ آبادی (d) سرور جہاں آبادی

حصہ دوم

2. فیض کی نظم 'ہم جوتاریک راہوں میں مارے گئے' میں استعارات کی معنویت واہمیت کواجاگر کیجیے۔

3. اقبال کی شاعری میں تصورِ خودی پر روشنی ڈالیے۔

4. اخترالایمان کی نظم 'ایک لڑکا' میں حمدیہ اشعار کا خلاصہ بیان کیجیے۔

5. اردو میں جدید نظم کی ترویج میں انجمن پنجاب کی خدمات پر تبصرہ کیجیے۔

6. چکبست کی نظم نگاری کے امتیازی وصف کو بیان کیجیے۔

7. نظم 'بنجارہ نامہ' میں نظیرا کبرآبادی نے بنجارہ کے استعارے کے ذریعے زندگی کی بے ثباتی کو کس طرح بیان کیا ہے۔

8. جوش کی نظم 'کسان' ترقی پسند تحریک کی نمائندگی کرتی ہے۔وضاحت کیجیے۔

9. درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا تجزیہ کیجیے۔

(a) عقل ودل (b) کلرک کا نغمۂ محبت (c) مناجات بیوہ (d) زنجیر

حصہ سوم

10. نظم کی تعریف بیان کیجیےاوراس کی قسموں کومع مثالوں کے واضح کیجیے۔

11. قلی قطب شاہ اورنظیرا کبرآبادی کی نظموں میں عوامی موضوعات کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

12. اقبال کی نظم نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

13. ترقی پسند تحریک کے قیام کے مقاصد کے حصول میں صنف نظم کس طرح مددومعاون ثابت ہوئی؟

14. اقبال کے معاصر نظم گوشعرا کا تعارف کرائیے۔

☆☆☆